**05-10-2023**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .......................آسیہ میمونہ

Music

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے مدھیہ پردیش کے جبل پور میں 12 ہزار 600 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔

☆ سکم کے وزیر اعلیٰ P S Tamang نے ریاست میں قدرتی آفت سے پیدا حالات کا جائزہ لینے کیلئے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ بچاؤ اور امدادی کارروائی زور شور سے جاری ہے۔

☆ بھارت نے یہ بات دوہرائی ہے کہ سفارتی اعتبار سے برابری لانے کی خاطر کناڈا، بھارت میں اپنے سفارتکاروں کی تعداد کم کرے۔

☆ ادب کا نوبیل انعام اختراعی ڈراموں اور نثرنگاری کیلئے ناروے کے مصنف Jon Fosse کو دیئے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔

☆ چین میں Hangzhou میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت سونے کے 21، چاندی کے 32 اور کانسے کے 33 تمغوں سمیت 86 تمغے جیت چکا ہے۔

☆ اور احمد آباد میں Motera میں ICC کرکٹ ورلڈ کپ کے پہلے میچ میں نیوزی لینڈ نے موجودہ چمپئن انگلینڈ کو 9 وکٹ سے کراری شکست دی۔

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

MP-PM VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مدھیہ پردیش کے جبل پور میں 12 ہزار 600 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔ جناب مودی نے Veerangana رانی دُرگا وَتی اِسمارک کا بھومی پوجن بھی کیا۔ وزیر اعظم نے رانی دُرگا وَتی کی یاد میں ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا۔

2100 PM Modi on Projects Jabalpur

اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اُن کی حکومت نے سرکاری اعداد وشمار سے 11 کروڑ فرضی نام ہٹا دیئے ہیں، جن سے سرکاری خزانے کو لوٹنے کا راستہ کھلا ہوا تھا۔ جناب مودی نے کہا کہ ان کی سرکار نے جن دھن، آدھار اور موبائل کے استعمال کے ذریعے ڈھائی لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ چوری ہونے سے بچائے ہیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ یہ وقت محنت کرنے اور صحیح فیصلے کرنے کا ہے۔

اِس سے پہلے وزیر اعظم نے راجستھان کے جودھپور میں مختلف شعبوں میں پانچ ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور ملک کے نام وقف کیا۔ اس موقع پر ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ راجستھان ایک ایسی ریاست ہے جہاں ملک کی طاقت، خوشحالی اور ثقافت میں قدیم بھارت کی شان وشوکت کی جھلک ملتی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ مرکزی سرکار ہر شعبے میں تیز رفتار ترقی کے ساتھ ساتھ راجستھان میں ریل اور سڑک بنیادی ڈھانچے کے فروغ کیلئے کام کر رہی ہے۔

2100 PM Rajasthan Development

**SIKKIM FLOOD**

سکم کے وزیر اعلیٰ P S Tamang نے ریاست میں قدرتی آفت سے پیدا حالات کا جائزہ لینے کیلئے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ میں دیگر اہلکاروں کے علاوہ چیف سکریٹری VB Pathak نے شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ نے اس واقعہ کا تفصیلی مطالعہ کرنے اور مستقبل کیلئے ایک ٹھوس خاکہ تیار کرنے کی خاطر اعلیٰ سطح کی تکنیکی کمیٹی تشکیل دیئے جانے کی ہدایت دی۔ یہ کمیٹی مخصوص ماہرین، سائنسدانوں، ماحولیات کے ماہرین، ہائیڈرو پاور کے ماہرین، انجینئرس، سول سوسائٹی کے ارکان اور گلیشیر اور باندھوں سے متعلق ماہرین پر مشتمل ہوگی۔

سکم کے چیف سکریٹری VB Pathak نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ اب تک 18 افراد کی جان گئی ہے جبکہ 26 لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ فوجی اہلکاروں سمیت 98 افراد لاپتہ بتائے گئے ہیں۔

چیف سکریٹری نے بتایا کہ Mangan ضلع میں Lachen اور Lachung کے مقام پر پھنسے ہوئے سیاح صحیح سلامت ہیں۔

کل شمالی سکم میں ایک گلیشیر کے ٹوٹ کر Lhonak جھیل میں گرنے کے بعد Lachen وادی میں تیستا دریا میں اچانک سیلاب آ گیا تھا۔ لاپتہ افراد کو ڈھونڈنے کیلئے پانی سے گھرے ہوئے علاقوں میں بچاؤ اور امدادی کارروائی زور شور سے جاری ہے۔x

JITENDRA QUANTUM CONCLAVE

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ مستقبل کے سبھی اسٹارٹ اپ پروجیکٹوں اور نئی ٹیکنالوجی کے دیگر اقدامات میں وسائل فراہم کرنے میں صنعت کا رول زیادہ بڑا رہنے کی امید ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں ASSOCHAM کے زیر اہتمام تیسرے انڈیا Quantum ٹیکنالوجی کنکلیو میں کلیدی خطاب کر رہے تھے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ سبھی کو شروع سے ہی برابر کا فریق بننا ہوگا اور اِس کی خاطر صنعت کو ہر چیز کیلئے سرکار کا رُخ کرنے کا اپنا پہلے والا طرز فکر بدلنا ہوگا۔x

**SANJAY REMAND**

دلّی کی ایک عدالت نے عام آدمی پارٹی کے لیڈر اور راجیہ سبھا کے ممبر پارلیمنٹ سنجے سنگھ کو دلّی ایکسائز پالیسی کیس کے سلسلے

میں 10 اکتوبر تک انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی ریمانڈ میں بھیج دیا ہے۔
اس سے پہلے سنجے سنگھ کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ انھیں کل انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے گرفتار کیا تھا۔x

**WB ED RAID**

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے آج مغربی بنگال کے خوراک اور سپلائیز محکمے کے وزیر Rathin Ghosh کی رہائش گاہ سمیت ریاست میں کئی مقامات پر تلاشی کی کارروائی شروع کی۔ تلاشی کی یہ کارروائی ریاست میں بلدیاتی اداروں کی جانب سے بھرتی کے عمل میں مبینہ بے ضابطگیوں کی ایجنسی کی تحقیقات کا حصہ ہے، جیسا کہ اہلکاروں نے بتایا ہے۔
انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے مذکورہ کیس سے وابستہ 12 دیگر مقامات پر بھی چھاپے مارے۔ ED کے الزامات خاص طور پر 2014 اور 2018 کے درمیان ریاست میں مختلف بلدیاتی اداروں کی جانب سے تقریباً ڈیڑھ ہزار افراد کی غیرقانونی بھرتی سے متعلق ہیں۔ اس عمل میں مبینہ طور پر مالی ہیرا پھیری کی گئی تھی۔x

**PURI CAPACITY BUILDING**

ہاؤسنگ اور شہری امور کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ سرکار نے صلاحیت سازی پر خاص زور دیا ہے کیونکہ افرادی قوت کیلئے یہ بہت اہمیت کی حامل ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں شہری علاقوں کے بلدیاتی اداروں کی صلاحیت سازی کے بارے میں قومی ورکشاپ سے خطاب کر رہے تھے۔
جناب پوری نے کہا کہ صلاحیت سازی کے معاملے پر پہلے کوئی توجہ مرکوز نہیں کی جاتی تھی لیکن اب ملک میں صلاحیت سازی سے متعلق ایک کمیشن بھی کام کر رہا ہے۔ وزیرموصوف نے کہا کہ سال 2004 سے 2014 تک شہری شعبے میں سبھی اسکیموں پر مجموعی خرچ ایک لاکھ 78 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ کا تھا لیکن پچھلے 9 سال میں 18 لاکھ کروڑ روپئے سے بھی زیادہ خرچ کئے گئے۔x

**MEA CANADA**

بھارت نے یہ بات دوہرائی ہے کہ کناڈا دلّی میں اپنے سفارتکاروں کی تعداد کم کرے۔ اُس نے کہا ہے کہ سفارتی موجودگی کے اعتبار سے برابری لانے پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔ آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان ارندم باگچی نے کہا کہ بھارت نے ملک میں کناڈا کے بہت زیادہ سفارتکاروں کے موجود رہنے اور داخلی معاملات میں اُن کی لگاتار مداخلت کے تناظر میں سفارتی موجودگی میں برابری لائے جانے پر زور دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس کیلئے طریقہ کار پر بات چیت کا سلسلہ جاری ہے۔

S/B Arindam Bagchi

افغان سفارتخانہ بند کئے جانے کے سوال پر ترجمان نے کہا کہ نئی دلّی میں افغان سفارتخانہ بدستور کام کر رہا ہے۔ جناب باگچی نے کہا کہ بھارت، افغان سفارتکاروں کے ساتھ رابطہ قائم کئے ہوئے ہے جو سفارتخانے اور ممبئی اور حیدرآباد میں قونصل خانوں میں متعین ہیں۔
ترجمان نے یقین دلایا کہ بھارت افغانستان کے عوام کی مدد کرتا رہے گا۔x

**AFGHAN WOMEN**

افغانستان میں طالبان سرکار کی جانب سے خواتین پر مختلف بندشیں عائد کئے جانے کے تناظر میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 78ویں اجلاس میں تقریباً 80 ملکوں نے ایک مشترکہ بیان جاری کرکے افغانستان میں خواتین اور لڑکیوں کے حقوق کی پامالی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔
اِن ملکوں نے افغانستان پر زور دیا ہے کہ وہ یہ بندشیں ہٹائے اور خواتین کیلئے مساویانہ حقوق کو یقینی بنائے۔ اِن ملکوں نے

طالبان سرکار کی جانب سے مختلف فرمان جاری کئے جانے کی مذمت بھی کی ہے اور اُن پر زور دیا ہے کہ وہ یہ احکامات واپس لیں۔ اِن ملکوں میں متحدہ عرب امارات، آسٹریلیا، جاپان، اسپین، چلی اور 75 دیگر ممالک شامل ہیں۔
ان ملکوں اور مشاہدین نے طالبان سے کہا ہے کہ طالبان کی اقدار اور بین الاقوامی انسانی حقوق کی بنیاد پر خواتین اور لڑکیوں کے حقوق کا احترام کیا جائے۔x

**AFGHAN WORLD BANK**

جنوب ایشیائی ملکوں کی اقتصادی ترقی کے بارے میں عالمی بینک نے اپنی حالیہ رپورٹ میں اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ افغانستان کی معیشت اب بھی غیرمستحکم ہے اور کم از کم دو تہائی افغان کنبوں کو روزی روٹی کے چیلنجوں کا سامنا ہے۔
عالمی بینک کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جنوب ایشیائی ملکوں میں نمایاں معاشی ترقی ہونے کی امید ہے۔ ساتھ ہی اِس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ افغانستان اور بنگلہ دیش کو چھوڑ کر جنوبی ایشیا کے دیگر ملکوں میں 2023 اور 2024 میں شرح ترقی پانچ اعشاریہ آٹھ فیصد رہنے کا امکان ہے۔x

**PM RAMALINGA**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی ثقافتی دانشمندی عظیم صوفی سنتوں کی تعلیمات کے مشترکہ دھاگے سے باہم منسلک ہے جس سے ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے اجتماعی نظریے کو تقویت ملتی ہے۔
شری رامالنگا سوامی کی 200ویں جینتی کے موقع پر اپنے ویڈیو پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ Vallalar ملک کے سب سے قابل احترام سنتوں میں سے ایک ہیں جنھوں نے 19ویں صدی میں کرۂ ارض پر قدم رکھا اور اُن کے روحانی خیالات اور نظریات سے آج بھی لاکھوں لوگوں کو ترغیب ملتی ہے۔x

**INDIA EU**

بھارت یوروپی یونین ساتواں سائبر مذاکرہ جمعرات کے روز برسلز میں منعقد ہوا۔ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان اسٹریٹیجک شراکت داری کے تحت دونوں فریقوں نے سائبر مذاکرے نظام کی تعریف کی، جو سائبر اسپیس سے جُڑے مخالف معاملات کو حل کرنے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ دونوں فریقوں نے سائبر پالیسی، حکمتِ عملیوں اور باہمی تعاون کے شعبوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ فریقین نے اقوام متحدہ اور علاقائی سطح سمیت کثیر جہتی فورموں پر سائبر تعاون پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔x

**ANTI TERROR CONFERENCE**

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مرکزی اور ریاستی ایجنسیاں پچھلے 9 سال میں ملک میں ہر طرح کی دہشت گردی سے سختی کے ساتھ نمٹنے میں کامیاب رہی ہیں۔ آج نئی دلّی میں قومی جانچ ایجنسی NIA کے زیر اہتمام دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق دو روزہ کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے جناب امت شاہ نے کہا کہ NIA کے دائرہ کار کے تحت دہشت گردی مخالف ماڈل ڈھانچہ قائم کیا جانا چاہیے۔
وزیر داخلہ نے زور دے کر کہا کہ دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق سبھی ایجنسیوں کو اِس طرح کا سخت سے سخت رویہ اختیار کرنا چاہیے کہ کوئی نئی دہشت گرد تنظیم وجود میں نہ آسکے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ NIA، ATS اور خصوصی ٹاسک فورس کا کام تحقیقات تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ انھیں رَوِش سے ہٹ کر دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے اختراعی اقدامات کرنے چاہئیں۔x

**NOBEL LITRATURE**

ناروے کے ادیب Jon Fosse کو ادب کے شعبے میں سال 2023 کا نوبیل انعام دیا گیا۔ سویڈش اکیڈمی نے کہا ہے کہ فوس کو یہ انعام اُن کے نِت نئے ڈراموں اور نثر نگاری کے لیے دیا گیا، جن میں وہ دوسروں کی آواز بنے ہیں۔ اکیڈمی

نے کہا ہے کہ فوس آج دنیا میں سب سے زیادہ پیش کیے جانے والے ڈراموں کے تخلیق کاروں میں سے ایک ہیں اور نثر نگاری کے لیے اُن کی مقبولیت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اکیڈمی نے مزید کہا کہ فوس کی تخلیقات میں انسانی کیفیت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ نوبیل انعام کمیٹی نے کہا کہ فوس روز مرہ کے حالات کو پیش کرتے ہیں، جن سے عام لوگ بڑی آسانی سے خود کو جوڑ کر دیکھتے ہیں۔x

**CHHATTISGARH ANURAG SING THAKUR**

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کے مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے آج چھتیس گڑھ کے رائے پور میں ریاستی سطح کے دو روزہ یوتھ فیسٹیول کا افتتاح کیا جس کا اہتمام نہرو یووا کیندر سنگٹھن نے کیا ہے۔

اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارتی کھلاڑیوں نے چین میں جاری ایشیائی کھیلوں میں اپنی شاندار کارکردگی سے ملک کا نام روشن کیا ہے۔x

**ASIAN GAMES**

چین میں Hangzhou میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت سونے کے 21، چاندی کے 32 اور کانسے کے 33 تمغوں سمیت 86 تمغے جیت چکا ہے۔ بھارت تمغے جیتنے کے اعتبار سے فی الحال چوتھے مقام پر ہے۔

ایشیائی کھیلوں میں بھارت کی یہ اب تک کی بہترین کارکردگی ہے۔ اس سے پہلے جکارتہ میں 18ویں ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے 70 تمغے جیتے تھے۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

ایشیائی کھیلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کی تاریخ ساز کامیابیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ بھارت نے آج پانچ تمغے جیتے، جن میں سونے کے تین، چاندی کا ایک اور کانسے کا ایک تمغہ شامل ہے۔ اس طرح بھارت کے تمغوں کی کُل تعداد 86 ہو گئی ہے۔ تیراندازی میں بھارتی مردوں کی کمپاؤنڈ ٹیم نے جنوبی کوریا کو 230 کے مقابلے 235 سے شکست دیتے ہوئے سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ اس سے پہلے خواتین کی ٹیم نے بھی کمپاؤنڈ مقابلوں میں چینی تائی پے کو 228 کے مقابلے 230 سے ہرا کر سونے کا تمغہ جیتا۔ دوسری جانب اسکویش میں دیپکا پلّی کل اور ہریندر پال سنگھ سندھو کی مکسڈ ڈبلز کی جوڑی نے ملیشیائی جوڑی کو ہرا کر سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ اس بیچ اسکویش کے مردوں کے سنگلز مقابلوں میں بھارت کے سوربھ گھوشال کو ملیشیائی کھلاڑی کے خلاف کھیلتے ہوئے چاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ دوسری جانب کُشتی میں خواتین کے 53 کلو گرام زمرے میں بھارت کی خاتون پہلوان انتم پنگھال نے ملیشیا کی پہلوان کے مقابلے چاندی کا تمغہ جیتا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایشیائی کھیلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی پر مسرت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے سلسلہ وار سوشل میڈیا پوسٹس میں وزیر اعظم نے بھارتی کھلاڑیوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ملک کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔

شیوانی کشیپ کی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی اردو خبروں کے لیے میں ضمیر رضوی

**ICC CRICKET WOLRD CUP**

ICC کرکٹ ورلڈ کپ کے پہلے میچ میں احمد آباد کے Motera میں نریندر مودی اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ نے انگلینڈ کو 9 وکٹ سے کراری شکست دی۔ نیوزی لینڈ نے 283 رن کا جیت کا نشانہ 36 اوورس اور دو گیندوں میں محض ایک وکٹ کھو کر حاصل کرلیا۔

اس سے پہلے نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر انگلینڈ سے بلے بازی کرنے کو کہا اور انگلینڈ نے پچاس اوورس میں 9 وکٹ پر 282 رن بنائے۔x

**CBI CBFC**

مرکزی جانچ بیورو CBI نے تین پرائیویٹ افراد اور ممبئی میں سینٹرل بورڈ آف فلم سرٹیفکیشن کے سرکاری عہدیداروں سمیت دیگر لوگوں کے خلاف کیس درج کیا ہے۔ CBI کے مطابق ایک شخص نے ہندی میں Dubb کی گئی فلم کیلئے سینسر سرٹیفکیٹ جاری کرانے کی خاطر 7 لاکھ روپے کی رشوت لینے کیلئے دیگر افراد کے ساتھ سازباز کی تھی۔
سینٹرل بورڈ آف فلم سرٹیفکیشن CBFC نے پچھلے مہینے ہی مبینہ طور پر یہ سرٹیفکیٹ جاری کیا ہے۔ ایک بیان میں CBI نے کہا ہے کہ ملزموں اور اُن سے وابستہ دیگر افراد کے ٹھکانوں پر ممبئی سمیت چار مختلف مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی گئی، جس کے بعد قابل اعتراض دستاویزات برآمد کی گئی ہیں۔ تحقیقات جاری ہے۔x

**I&B CABLE ACT AMENDMENT**

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے کیبل ٹیلی ویژن نیٹ ورک قوانین 1994 میں کی گئی ترمیمات کو نوٹیفائی کیا ہے، جس کے تحت کیبل ٹیلی ویژن نیٹ ورک قانون 1995 پر عمل آوری کا طریقہ کار وضع ہوا ہے۔
وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ مذکورہ قانون میں شامل سزاؤں پر نظرثانی کی گئی اور اُنہیں جَن وِشواس قانون 2023 کے تحت غیر مجرمانہ قرار دیا گیا تاکہ کیبل ٹیلی ویژن نیٹ ورک قانون کو کاروبار کے لیے آسان بنایا جا سکے اور اس سے اس شعبے کے سرمایہ کاروں کی اعتماد میں اضافہ ہو۔x

**SRI LANKA TOURISM**

سری لنکا میں اب جبکہ سیاحت کی صنعت بحالی کی جانب گامزن ہے، وہاں بھارتی سیاحوں کے پہنچنے کا سلسلہ ایک اہم سنگ میل پر پہنچ گیا ہے۔ اِس سال کے پہلے 9 مہینوں کے دوران دو لاکھ سے زیادہ بھارتی سیاح سری لنکا پہنچے ہیں۔ یہ تعداد وہاں پہنچنے والے مجموعی سیاحوں کا تقریباً 20 فیصد ہے۔
سری لنکا میں ستمبر کے آخر تک مجموعی طور پر دس لاکھ سے زیادہ سیاح پہنچے۔x

**India EU**

بھارت یوروپی یونین ساتواں سائبر مذاکرہ جمعرات کے روز برسلز میں منعقد ہوا۔ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان اسٹریٹیجک شراکت داری کے تحت دونوں فریقوں نے سائبر مذاکرے نظام کی تعریف کی، جو سائبر اسپیس سے جُڑے مخالف معاملات کو حل کرنے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ دونوں فریقوں نے سائبر پالیسی، حکمتِ عملیوں اور باہمی تعاون کے شعبوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ فریقین نے اقوام متحدہ اور علاقائی سطح سمیت کثیر جہتی فورموں پر سائبر تعاون پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔x

**BANGLADESH RECIEVES RUSSIAN**

بنگلہ دیش نے جمعرات کے روز اپنے Rooppur نیوکلیائی توانائی پلانٹ کے لیے روس کی جانب سے یورینیم کی پہلی کھیپ موصول کی۔ Rooppur نیوکلیائی پلانٹ شروع ہو جانے کے بعد بنگلہ دیش نیوکلیائی توانائی سے بجلی پیدا کرنے والا دنیا کا 33 واں ملک بن جائے گا۔ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ نے Ganabhaban اور روس کے صدر ولادیمیر پتن نے کریملن سے ورچوئل طریقے سے اس بارے میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ x

☆☆☆